گورنر KATHY HOCHUL

فوری ریلیز کے لیے: 11/10/2024

مالی سال 2025 کے بجٹ کے محض چھ ماہ بعد گورنر HOCHUL کی جانب سے امپائر AI کے پہلے فیز کا افتتاح، فلاح عامہ کی خاطر تنقیدی تحقیق کو بااختیار بناتا ہے

نیو یارک، فلاح عامہ کی خاطر AI میں تحقیق کو آگے بڑھانے کے لیے سرکاری و نجی تحقیقاتی اداروں پر مبنی اس پیمانے کے کنسورشیئم کو قائم کرنے والی اوّلین ریاست ہے

سائمنز فاؤنڈیشن کی جانب سے نمایاں خیرات محققین کو جلد کام کے آغاز کا موقع دیتی ہے اور امریکہ کی مضبوط ترین کمپیوٹنگ پاورز میں سے ایک فراہم کرتی ہے

چوٹی کے سپرکمپیوٹر ماہر Dr. Robert Harrison امپائر AI کے (Empire AI) عبوری ڈائریکٹر مقرر؛ مضبوط گورننس کو یقینی بنانے کے لیے افتتاحی بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ناموں کا اعلان

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ مالی سال 2025 کے لیے نافذ بجٹ میں شمولیت کے محض چھ بعد ہی، نیو یارک میں واقع ملک میں اپنی نوعیت کا اوّلین امپائر AI کنسورشیئم اس موسم خزاں میں تحقیق کا آغاز کر دے گا۔ سائمنز فاؤنڈیشن نے ابتدائی کمپیوٹنگ پاور اور ماہرین پر مشتمل عملے کی شکل میں خیرات کے ذریعے حصہ ڈالا ہے، جس سے امپائر AI کو اپنی تحقیق جلد شروع کرنے کا موقع مل رہا ہے۔ یونیورسٹی ایٹ بفلو میں قائم امپائر AI کا یہ ابتدائی فیز، ملک میں طاقتور ترین کمپیوٹنگ پاور کے اظہار میں سے ایک ہے۔ کنسورشیئم کی جانب سے، یونیورسٹی ایٹ بفلو نے مصنوعی ذہانت کے اس جدید ترین کمپیوٹنگ مرکز کے بھرپور پیمانے پر کام کرنے کے لیے مستقل مسکن کی تلاش کی خاطر پروپوزلز کے لیے ایک درخواست بھی جاری کی ہے۔

"نیو یارک جدت، تحقیق اور ٹیکنالوجی کو ہماری سرمایہ کاریوں میں صف اوّل میں جگہ دیتے ہوئے — ہماری تاریخی امپائر AI پیش رفت کے ذریعے انسانی تاریخ کا ایک نیا باب رقم کر رہا ہے، " **گورنر Hochul نے کہا۔** "امپائر AI مفاد عامہ پر مرکوز ہے، اور یہ قدم ہمیں نیو یارک کے باشندگان کے بہتر مستقبل کو شکل دینے کی خاطر اس ٹیکنالوجی کے استعمال سے ایک قدم نزدیک کرتا ہے۔"

امپائر AI کنسورشیئم کے اراکین اس موسم خزاں سے آغاز پانے والی ابتدائی تحقیقاتی گنجائش سے فائدہ اٹھائیں گے تاکہ فلاح عامہ کی خاطر معاشرے کو درپیش نمایاں مشکلات سے نمٹنے کے مقصد سے تحقیق کو آگے بڑھایا جا سکے۔ یہ کوششیں نازک شعبہ جات جیسا کہ موسمیاتی تبدیلی اور لچک پذیری، صحت میں تفاوتوں اور مداخلتوں، دوا پر تحقیق میں تیزی، تمام تر آبادیوں کے لیے تعلیم کو قابل رسائی بنانے، اور عالمی سطح پر غذائی عدم تحفظ و شہری غربت سے نمٹتی ہیں۔

AI اور امپائر AI کی جانب سے پیش کردہ اعلیٰ معیار کی کمپیوٹنگ دیگر پیچیدہ مسائل کو حل کرنے میں بھی ایک اہم کردار ادا کرے گی جن میں پائیدار توانائی کے حل، سائبر سیکیورٹی خطرات، نگہداشت صحت میں تشخیصی عمل میں پیش رفت، قابل مساوات معاشی نمو، اور اسمارٹ شہروں کے لیے انفراسٹرکچر کو بہتر بنانا شامل ہیں۔

گورنر نے یہ اعلان بھی کیا کہ کنسورشیئم کی قیادت کے لیے اسٹونی بروک یونیورسٹی کے Dr. Robert J. Harrison کو عبوری ایگزیکٹیو ڈائریکٹر کے طور پر مقرر کیا گیا ہے، جبکہ کنسورشیئم کے تاسیسی مستقل قائد کے لیے قومی سطح پر تلاش کی گئی ہے۔ پروفیسر Robert Harrison اسٹونی بروک یونیورسٹی میں انسٹی ٹیوٹ برائے ایڈوانسڈ کمپیوٹیشنل سائنس کے بانی ڈائریکٹر ہیں، جو کہ Jim اور Marilyn Simons کی جانب سے چندے کے ذریعے 2012 میں قائم کیا گیا تھا۔ انسٹی ٹیوٹ نے اپنی قیادت کے ذریعے سے، AI اور بذریعہ کمپیوٹر فعال شدہ کثیر شعبہ جاتی تحقیق کے گڑھ کے طور پر بین الاقوامی سطح پر اپنا لوہا منوایا ہے۔ سائنس اور ہائی پرفارمنس کمپیوٹنگ کے محاذوں پر مشتمل ان کا طویل کریئر، تدریس اور امریکی محکمۂ توانائی کے زیر انتظام متعدد قومی لیبارٹریز پر محیط ہے جن میں یہاں نیو یارک کی بروک ہیون نیشنل لیبارٹری، واقع بمقام لانگ آئی لینڈ اور دنیا کے تیز ترین اوپن سائنس کمپیوٹر کے موجودہ مرکز کے طور پر پہچان رکھنے والی اووک رج نیشنل لیبارٹری، ٹینیسی شامل ہیں۔

گورنر Hochul نے امپائر AI کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا بھی اعلان کیا جن میں ریاست کے نمائندگان اور کنسورشیئم کے ہائر ایجوکیشن شراکت داران یعنی سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک، کارنیل یونیورسٹی، کولمبیا یونیورسٹی، نیو یارک یونیورسٹی، رینسیلیئر پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ اور اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک شامل ہیں۔

مزید برآں، امپائر AI کنسورشیئم کو نیو یارک کی غیر منافع بخش کارپوریشن کے طور پر رسمی طور پر شامل کیا گیا ہے، نیز مضبوط گورننس کو یقینی بنانے کی خاطر مقامی ضابطوں اور کلیدی پالیسیز سمیت اہم اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ سائمنز فاؤنڈیشن کی جانب سے فراہم کردہ کمپیوٹنگ کی گنجائش کنسورشیئم میں موجود محققین کو یہ موقع دے گی کہ وہ زیادہ بڑی سہولت گاہ تعمیر ہونے تک جدید تحقیق کے عمل کو فوری طور پر شروع کر سکیں۔

سائمنز فاؤنڈیشن کے صدر David Spergel نے کہا کہ "سائمنز فاؤنڈیشن، گورنر کی جانب سے نیو یارک کو کمپیوٹیشنل سائنسز کے مرکز کے طور پر تقویت بخشنے کی کوششوں میں معاونت پر پُرجوش ہے۔ اس ہفتے، کیمسٹری اور فزکس دونوں کے نوبل پرائز AI محققین کو دیے گئے ہیں۔ امپائر AI ریاست نیو یارک کے محققین اور طلباء کو اس قابل بنائے گی کہ وہ سائنس اور ٹیکنالوجی میں اگلے شاندار خیالات کو تخلیق کرنے والے متجدّد بن سکیں۔"

SUNY کے چانسلر John B. King, Jr نے کہا، "امپائر AI فلاح عامہ کی خاطر AI کے شعبے میں ریاست نیو یارک کی قیادت کو محفوظ بنا رہا ہے، اور SUNY کی یونیورسٹی ایٹ البانی، بنگھیمٹن یونیورسٹی، یونیورسٹی ایٹ بفلو اور اسٹونی بروک یونیورسٹی کو فخر ہے کہ وہ تحقیق اور جدت طرازی کو تحریک دینے کی خاطر ریاست نیو یارک کے دیگر چوٹی کے اداروں کے ساتھ اکٹھا ہو رہی ہیں۔ ہم گورنر Hochul کو سراہتے ہیں، اور ہم مہارتوں اور عزم کے لیے سائمنز فاؤنڈیشن، Tom Secunda اور پورے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور SUNY بھر میں اور اعلیٰ سطحی تعلیم سے وابستہ محققین اور فیکلٹی کے شکرگزار ہیں۔"

CUNY کے چانسلر Félix V. Matos Rodríguez نے کہا، "گورنر Hochul نے AI ٹیکنالوجی کی ذمہ دارانہ نمو کے لیے نیو یارک کو ایک قومی معیار کے حامل کا مقام دلوایا ہے اورسائمنز فاؤنڈیشن نے اپنی فراخدلانہ معاونت کے ذریعے امپائر AI کنسورشیئم کے لیے ممکن بنایا ہے کہ وہ جلد ہی ایک ٹھوس بنیادی اور گورننگ ڈھانچہ قائم کر سکے۔ CUNY، ریاست نیو یارک کے اس پہل کار امپائر AI کنسورشیئم کی تحقیقاتی مہارتوں میں حصہ ڈالنے پر فخر کرتا ہے، جو کہ ذمہ داری اور انصاف کے ساتھ فلاح عامہ کی خاطر خدمت کے لیے کمپیوٹیشنل سائنسز کے بیش بہا امکانات سے فائدہ اٹھائے گا۔"

بلومبرگ LP کے ساتھی بانی Tom Secunda نے کہا کہ "گورنر Hochul کی قیادت میں امپائر AI نے ہمارے تحقیقاتی اداروں اور ان کی ٹیمز کو ایسے متاثر کن ٹولز کی فراہمی کے ذریعے، جو عام طور پر صرف سب سے بڑی ٹیکنالوجی کمپنیز کے پاس ہوتے ہیں، نیو یارک کو AI میں جدت طرازی کے ایک قومی قائد کے طور پر مقام عطا کیا ہے۔ سائمنز فاؤنڈیشن کی جانب سے یہ خطیر عطیہ امپائر AI کنسورشیئم کے تمام اراکین کے عملے کو یہ موقع دے گا کہ وہ اپنی تحقیق کو شیڈول سے قبل شروع کر سکیں اور AI کی طاقت کو فلاح عامہ کی خاطر استعمال میں لانا شروع کریں۔ امپائر AI نہ صرف دریافت کے عمل کو تیز بنائے گا بلکہ نئی قسم کی ایجادات بھی کرے گا اور اب جبکہ تدریسی اداروں کو پیشگی کام شروع کرنے کا موقع مل گیا ہے، ایسے میں ہم اگلے سائنٹیفک بریک تھرو سے

مزید قریب تر آ گئے ہیں۔ ہم شراکت کرنے والے ان تمام اداروں کے ممنون ہیں جنہوں نے بھرپور وقت اور وسائل کے ہمراہ اس پروجیکٹ کے لیے مسلسل عزم پر آمادگی ظاہر کی اور اس کاوش میں Dr. Harrison کی شمولیت کا خیرمقدم کرتے ہیں۔"

اسٹونی بروک یونیورسٹی کے پروفیسر اور امپائر AI کے عبوری ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Dr. Robert Harrison نے کہا کہ "اس عہد ساز لمحے میں امپائر AI میں شمولیت اختیار کرنا ایک اعزاز اور بے حد پرجوش کرنے والا لمحہ ہے۔ امپائر AI میں گورنر کی تاریخی سرمایہ کاری ریاست نیو یارک بھر میں تحقیق اور جدت طرازی کو تبدیل کر دے گی۔ یہ ہمارے محققین کو موقع دیتی ہے کہ وہ ایک ایسے پیمانے پر ہائی پرفارمنس کمپیوٹر ٹیکنالوجی تک رسائی اختیار کر سکیں جو عام طور پر سب سے بڑی ٹیکنالوجی کی کمپنیز یا ملک کے لیے وقف ہوتی ہے، جس سے ریاست نیو یارک کو یہ موقع ملتا ہے کہ وہ AI کے ذریعے فعال سائنسی دریافت اور ڈیزائنوں کی تیاری میں قومی قیادت کر سکے۔"

یونیورسٹی ایٹ بفلو کے صدر Satish K. Tripathi نے کہا کہ "گورنر Hochul کی وژنری قیادت، سائمنز فاؤنڈیشن کی فیاضی اور ریاستی مقننہ کی معاونت کی بدولت، NYS کے پاس اب وہ کمپیوٹنگ پاور موجود ہے جو کہ مصنوعی ذہانت میں تحقیق کو آگے بڑھانے کے لیے درکار ہے۔ امپائر NYS،AI کو AI میں جدت طرازی کے عین مرکز کا سا مقام بخشے گا۔ بازی الٹ دینے والی یہ پیش رفت، کنسورشیئم بھر میں موجود محققین کو اس قابل کرے گی کہ وہ ہماری دنیا میں موجود پریشان کن ترین مسائل میں سے چند کو حل کرنے کے لیے AI کی طاقت کو استعمال کر سکیں۔ UB امپائر AI کا جائے مسکن ہونے پر بے حد نازاں ہے۔"

کارنیل یونیورسٹی کے عبوری صدر Michael Kotlikoff نے کہا کہ "کارنیل یونیورسٹی امپائر AI میں 'پہلا چراغ روشن کرنے' اور ریاست نیو یارک میں تدریسی محققین کو لانے کے تناظر میں سائمنز فاؤنڈیشن کی دوراندیشی کو سراہتا ہے، جس کی گورنر Hochul حمایتی رہی ہیں۔ ہم کارنیل بھر میں اور ان دیگر تدریسی و تحقیقی اداروں کے درمیان تحقیقاتی اشتراکات کو دیکھنے کے منتظر ہیں جو بہترین سے بہترین دریافتوں اور معاشرے تک (ان کے ثمرات کی) منتقلی کو تحریک دینے کے لیے AI ریسرچ کمپیوٹنگ کو تحریک دے رہے ہیں۔"

NYU کی صدر Linda G. Mills نے کہا کہ "نیو یارک یونیورسٹی امپائر AI کے ذریعے پیش کیے جانے والے مواقع کے سبب پرجوش بھی ہے اور اسے نیو یارک کے اعلیٰ تعلیمی مراکز کے ہمراہ کام کرنے پر فخر بھی ہے تاکہ AI اور ہائی پرفارمنس کمپیوٹنگ میں پیش رفت کو تحریک بخشی جائے جو سائنسی دریافتوں اور نیو یارک کو جدید ترین ٹیکنالوجی کی منزل مقصود کے طور پر اپنا تشخص برقرار رکھنے جیسے دونوں کاموں میں فائدہ دیں گے۔ ہم اس معاملے پر مسلسل قیادت کرنے پر گورنر Hochul اور معاونت کرنے پر سائمنز فاؤنڈیشن میں موجود اپنے شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

رینسیلیئر پولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹ کے صدر Martin A. Schmidt نے کہا کہ "RPI نیو یارک کو AI کی طاقت سے سب کی خاطر فائدہ اٹھانے کے عمل کا رہنما بنانے کے لیے گورنر Hochul کے عزم کو سراہتا ہے۔ گورنر کی اس پہل کار بصیرت اور ہمارے شراکت داروں کی فیاضانہ معاونت اور اشتراک کے ذریعے ہم امپائر AI کے اگلے فیز کو شروع کرنے کے لیے پرجوش ہیں تاکہ تنقیدی تحقیق اور جدت طرازی میں تیزی لائی جائے۔"

کارنیل ٹیک میں جیک اینڈ رِل نیفسی ڈین اور نائب منتظم Greg Morrisett نے کہا کہ "امپائر AI کنسورشیئم ایک ازحد اہم ضرورت سے نمٹ رہا ہے: یونیورسٹی کے محققین کو جدید کمپیوٹیشنل مشینز تک دو وجوہات کی بناء پر رسائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اولاً تحقیق کی یہ قسم AI کے لیے نئے مواقع سے پردہ اٹھائے گی تاکہ مستقبل میں بڑی آزمائشوں جیسا کہ سستی اور مساوی طور پر دستیاب نگہداشت اور موسمیاتی مطابقت کو حل کرنے میں مدد دی جائے۔ دوئم یہ کہ اس قسم کی تحقیقی کمیونٹی نے ان حدود، ٹیکنالوجیز اور پالیسیز کو کھوجنے کے لیے خود کو وقف کر رکھا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ AI بھروسے کے ساتھ مفاد عامہ کی خدمت کرتی ہے۔"

کولمبیا یونیورسٹی کی ایگزیکٹیو نائب صدر برائے تحقیق اور کمپیوٹر سائنس کی پروفیسر Jeannette M. Wing نے کہا کہ "کولمبیا یونیورسٹی امپائر AI کی کمپیوٹیشنل طاقت تک رسائی پر پرجوش ہے اور جدید AI تکنیکوں کو

تیار کرنے والے محققین سے لے کر ان محققین تک جو دماغ کو سمجھنے، زمین کا ماڈل تیار کرنے یا غلط اطلاعات سے لڑائی کے لیے AI کا استعمال کرتے ہیں، ان تمام کی جانب سے پہلے ہی ولولہ ظاہر کیا جا چکا ہے۔ گورنر Hochul کی قیادت امپائر AI کے تمام رکن اداروں کے کام کے ہمراہ مل کر، آنے والی نسلوں کے لیے AI کی سائنٹیفک اور اخلاقی بنیادیں رکھ رہی ہے۔"

رکن اسمبلی Steve Otis نے کہا کہ "گورنر اور مقننہ کے مالی عزم کا نتیجہ ہائی ٹیک مینوفیکچرنگ میں نجی شعبے کی جانب سے سرمایہ کاری میں اضافے اور SUNY اور امپائر AI کنسورشیئم کی صورت میں AI میں قیادت کی صورت میں پہلے ہی سامنے آ چکا ہے۔ ہماری ٹیم SUNY ٹیم میں موجود ان کلیدی کھلاڑیوں سے ملاقات کے لیے اس موسم گرما میں UB کا دورہ کر چکی ہے جو کہ امپائر AI کی قیادت کر رہے ہیں۔ گورنر Hochul اور چانسلر King کا کام نیو یارک کے لیے مسلسل معاشی کامیابی کے لیے ایک لائحۂ عمل فراہم کرتا ہے۔ ٹیکنالوجی اور جدت طرازی میں ہمارا قائدانہ کردار نوکریاں اور نئے کاروباری شراکت دار ہمراہ لائے گا تاکہ ہماری معیشت کو نمو دی جا سکے۔"

ٹیک:NYC کی صدر اور CEO Julie Samuels نے کہا کہ "گورنر Hochul کی قیادت اور سائمنز فاؤنڈیشن کی اس فیاضانہ خیرات کی بدولت امپائر AI اپنے شیڈول سے کئی مہینے آگے سفر طے کر رہا ہے، جس سے کنسورشیئم کے اراکین کو یہ موقع ملتا ہے کہ وہ اپنی اچھوتی تحقیق کو تیزی سے آگے بڑھائیں اور مصنوعی ذہانت کو فلاح عامہ کے لیے زیادہ جلد استعمال کرنا شروع کریں۔ نیو یارک، معاشرے کے مسائل کو حل کرنے کے لیے AI کی تیاری میں پہلے سے ہی صف اول میں کھڑا ہے - اب، امپائر AI کا جلد اجراء دریافت کے عمل کو تیز رفتاری بخشنے اور ممکنات کی حدود کو مزید لامتناہی بنانے کے مواقع تخلیق کرے گا۔ سرکاری اور نجی اداروں کے شانہ بشانہ مل جل کر ہم محفوظ، قابل مساوات اور قابل رسائی AI تحقیق اور ترقی کے عمل کو تحریک بخشنے اور ذمہ دارانہ AI کے شعبے میں نیو یارک کی بطور قائد کردار کو مضبوطی بخشنے کے منتظر ہیں۔"

مصنوعی ذہانت کو پوری ریاست نیو یارک تک وسعت دینا

ایسے کمپیوٹنگ وسائل تک رسائی جو AI سسٹمز کو تقویت بخشتے ہیں، ہوشربا حد تک مہنگے ہیں اور ان کا حصول مشکل ہے۔ ان وسائل پر ٹیکنالوجی کی بڑی کمپنیز کی گرفت تیزی کے ساتھ مضبوط ہوتی جا رہی ہے، جو AI نمو کے ماحول پر غیرمتناسب حد تک اپنا اختیار برقرار رکھتی ہیں۔ اسکے نتیجے میں محققین، مفادِ عامہ کی تنظیمیں، اور چھوٹی کمپنیاں پیچھے رہ گئی ہیں جس سے بڑی حد تک AI کی سیفٹی اور معاشرے پر سنگین اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ امپائر AI اس خلاء کو پُر کرے گا اور ریاستِ نیو یارک میں مفادِعامہ کو مرکز بناتے ہوئے AI کی نمو کی رفتار میں اضافہ کرے گا۔ اس پہلکار AI تحقیق و نمو کی فعالیت کے ذریعے، تعلیمی اداروں کو مستقبل کے ایسے ٹیکنالوجی اسٹارٹ اپس کے فروغ میں مدد ملے گی جو AI پر توجہ مرکوز کرتے ہیں، جس سے نوکریوں کی پیداوار کو تحریک ملے گی۔

امپائر AI کنسورشیئم میں نیو یارک سے تعلق رکھنے والے سات بانی ادارے شامل ہیں: کولمبیا یونیورسٹی، کارنیل یونیورسٹی، نیو یارک یونیورسٹی، رینسیلیئر پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ، اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک، سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک، اور فلیٹیرون انسٹیٹیوٹ۔ ریاستِ نیو یارک کے عالمی معیار کے تحقیقی اداروں کے مابین تعاون کو فروغ دے کر، امپائر AI مہارتوں کو اس معیار تک لے جانے کے قابل کرے گا، جسے چھونا کسی تنہا یونیورسٹی کے بس کی بات نہیں، اعلیٰ قابلیت کی حامل فیکلٹی کو بااختیار کرے گا اور ان کی توجہ اپنی جانب مبذول کرے گا اور تعلیمی مواقع میں اضافہ کرے گا، اور ایک ذمہ دارانہ جدّت کی لہر کو عروج دے گا جو ہماری ریاست کی معیشت اور ہماری قومی سلامتی کو نمایاں تقویت بخشے گا۔

اس پہل کاری کی مالی معاونت 400$ ملین سے زیادہ سرکاری اور نجی سرمایہ کاری میں کی جائے گی، بشمول 250$ ملین سٹیٹ کیپٹل گرانٹ کی سرمایہ کاری، اور 25$ ملین دس سالوں میں SUNY کی فنڈنگ میں۔ اس پراجیکٹ کو بانی اداروں اور دیگر نجی شراکت داروں سے بھی 125$ ملین سے زیادہ کی رقم ملے گی، بشمول سائمن فاؤنڈیشن، جس کا فلیٹیرون انسٹیٹیوٹ کمپیوٹیشنل طریقوں کے ذریعے تحقیق کو آگے بڑھانے کے لیے کام کرتا ہے، اور بلومبرگ ایل پی کے شریک بانی اور سیکنڈا فیملی فاؤنڈیشن کے Tom Secunda، جو تحفظ، نگہداشتِ صحت، سائنسی ترقی اور دیگر وجوہات کے لیے گرانٹ میں سالانہ لاکھوں ڈالر فراہم کرتی ہے۔

اس کے علاوہ، اب جبکہ ریاست اپنے AI کے نقشے کی تعمیر میں مصروف ہے، تو بجٹ کے ایک جزو کے طور پر گورنر Hochul نے AI کے محفوظ، با اخلاق استعمال کو ترجیح دینے والی قانون سازی پر دستخط کر دیے ہیں۔ قانون سازی میں ایک تقاضا شامل ہے کہ جس کے تحت سیاسی ابلاغ کی تمام اشکال بشمول تصویر، ویڈیو، آڈیو، ٹیکسٹ یا تقریر یا کردار کی کوئی بھی تکنیکی عکاسی میں گمراہ کن مواد کا انکشاف کیا جائے گا۔

گورنر Hochul کا اختراعی ایجنڈا

گورنر Hochul کا مصنوعی ذہانت میں نیو یارک کی قیادت کو آگے بڑھانے کا عزم امپائر سٹیٹ میں جدید ٹیکنالوجی کی تیاری کو وسعت دینے کے لیے ان کے وسیع تر ایجنڈے پر استوار ہے۔ رواں سال کے آغاز میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ IBM CEO Arvind Krishna اور گرلز ہُو کوڈ کی CEO Dr. Tarika Barrett نئے ابھرتے ہوئے ٹیکنالوجی ایڈوائزری بورڈ کی مشترکہ سربراہی کریں گی جو کہ صنعتی سربراہوں کا ایک خود مختار گروہ ہو گا جس کا ذمہ نیو یارک کی نمو اور جدت طرازی کے گڑھ میں تبدیلی کے کام میں مشاورت کرنا اور اس عمل کو تیز رفتار بنانا ہو گا۔ ماضی میں گورنر نے گرین CHIPS کے تاریخی قانون پر دستخط کیے تھے تاکہ ریاست نیو یارک میں سیمی کنڈکٹر پر مبنی تحقیق، ترقی اور مصنوعہ سازی کے عمل کو فروغ دیا جا سکے اور انہوں نے NY CREATES کے البانی نینوٹیک کمپلیکس میں اگلی نسل کے چپس پر مبنی تحقیقی مرکز کے قیام کے لیے 10$ بلین کی شراکت داری کا اعلان کیا ہے گورنر نے بائیو میڈیکل تحقیق میں اختراعی عمل کی حمایت میں علم الحیات کے اقداماتی سلسلے (Life Science Initiative) میں 620$ ملین پر مبنی رقم کی فراہمی کو جاری رکھا ہے۔ اور 113.7$ ملین پر مبنی Battery-NY اقدام جیسی حکمت عملی پر مبنی سرمایہ کاریوں کے ذریعے، گورنر Hochul نے ریاست نیو یارک میں استحکام و لچکداری، سبز ٹیکنالوجی، اور توانائی کی اسٹوریج کے طریقوں کی ترقی میں خاطر خواہ اضافہ پیشرفتیں بھی کی ہیں۔

گورنر کے اختراعی ایجنڈا نے کئی اہم سرکاری اور نجی سرمایہ کاریوں کو متحرک کیا ہے، جس سے نیو یارک کی معیشت میں انقلاب رونما ہو رہا ہے اور مستقبل کے لیے زیادہ تنخواہوں کی حامل ملازمتیں تخلیق کی جا رہی ہیں۔ GlobalFoundries نے حالیہ طور پر 11.6$ بلین کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے تاکہ نیو یارک کے دارالحکومتی علاقے میں اس کے چپ کے مصنوعہ ساز کیمپس کی توسیع عمل میں لائی جا سکے، جس کے نتیجے میں 1,500 براہ راست ملازمتیں اور ہزاروں ذیلی ملازمتیں تخلیق ہوں گی۔ 2022 میں، مائیکرون نے 100$ بلین پر مبنی 20 سالہ سرمایہ کاری کا اعلان کیا تھا تاکہ مرکزی نیو یارک میں ایک وسیع و عریض کیمپس قائم کیا جا سکے، جس سے 50,000 نئی براہ راست ملازمتیں اور ذیلی ملازمتیں تخلیق ہوں اور کمیونٹی کی مراعات میں سینکڑوں ملین ڈالرز کے مواقع کھلیں۔ گورنر کی لائف سائنسز پیش رفت نے نیو یارک شہر میں واقع 300$ ملین مالیتی چین زکربرگ بائیو ہب نیو یارک نامی ایک بائیومیڈیکل ریسرچ ہب کے لیے نیو یارک کے انتخاب کو حتمی شکل دینے اور شروڈنگر انکارپوریشن، ڈیئرفیلڈ ڈسکوری اینڈ ڈویلپمنٹ، نیز لائف سائنسز سے وابستہ دیگر کاروباری اداروں کی جانب سے نمایاں سرمایہ کاریاں حاصل کرنے میں مدد کی تھی۔ اس سال کے آغاز پر، نیشنل سائنس فاؤنڈیشن نے بھی بنگھیمٹن یونیورسٹی کے نئی توانائی کے نیو یارک اسٹوریج انجن میں 160$ ملین کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا تھا تاکہ اختراع، ٹیکنالوجی کی ترجمانی، اور افرادی قوت کی ترقی کے لیے ایک مرکز تعمیر کیا جائے جو ملکی بیٹری کی صنعت کی پیداواری صلاحیت کو بڑھا سکے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں